PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Office No.091-9210489-1222
Fax No. 091-9210258

ADJOURNMENT MOTION

Session	**21th**
Notice No.	**421**
Received Dated	**31/05/2022**
Department	**Law**

منجانب: **جناب محمد عبدالسلام صاحب، ایم پی اے**

اسمبلی کی معمول کی کاروائی روک کر مفاد عامہ کے ایک اہم بالخصوص پاکستان سے جڑے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ سننے میں آیا ہے کہ پاکستانی وفد نے اسرائیل کا دورہ کیا ہے بلکہ اسرائیلی صدر نے بھی اس کی تصدیق کی ہے کہ ان کی پاکستانی وفد سے ملاقات ہوئی ہے اور یہ ملاقات انتہائی خوش آئندہ رہی ہے اور انہوں نے اس پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا ہے۔ لہذا بیرونی طاقتوں کی آشیر باد ملک خداداد پاکستان پر مسلط کی جانے والی امپورٹڈ حکومت کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے ایسی کوئی غلیظ حرکت نہ صرف پاکستان بلکہ مسلم امہ میں ایک بحران کا پیش خیمہ ثابت ہوگا اور ایسا کرنا فلسطینیوں کی حق خودارادیت کے ساتھ غداری ہوگی اور اس طرح کی ناپاک حرکت سے پاکستان پر شدید اثرات ہوں گے۔ لہذا اس تحریک التواء کو بحث کے لیے منظور کیا جائے تاکہ اس پر سیر حاصل بحث ہو سکے اور اس ملوث کرداروں کو بے نقاب کیا جاسکے۔